07.04.2025

21.15 Hrs.

HL

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

**Music**

..........................................................................

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے **Lisbon** میں پرتگال کے اپنے ہم منصب **Marcelo Rebelo de Sousa** سے وفد کی سطح کی بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے تجارت ، قابلِ تجدید توانائی ، **IT** ، مہارت سے متعلق نقل و حرکت سمیت مختلف شعبوں میں شراکت داری کو مستحکم کرنے سے اتفاق کیا۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت ملک کی سرحدوں کے تحفظ کیلئے الیکٹرانک نگراں نظام تعینات کررہی ہے۔

☆ وزارتِ دفاع نے **Mi-17 V5** ہیلی کاپٹروں کیلئے الیکٹرانک وار فیئر اور جدید آلات حاصل کرنے کیلئے بھارت الیکٹرانکس لمیٹیڈ کے ساتھ دو ہزار **385** کروڑ روپے کے معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔

☆ چھتیس گڑھ کے دانتے واڑہ اور نارائن پور ضلعوں میں **31** ماؤ نوازوں نے خود سپردگی کی ہے۔

☆ امریکہ اور چین کے درمیان کاروباری جنگ پر بڑھتی تشویش کے دوران عالمی مارکیٹس میں گروات آئی ہے۔ گھریلو اسٹاک مارکیٹ بھی تقریباً تین فیصد گر گیا ہے۔

☆ اور، **IPL** ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، میزبان ممبئی انڈینس نے رائل چیلنجرس بنگلورو کے خلاف پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

..........................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

## PREZ PORTUGAL VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے لِسبن میں اپنے پرتگالی ہم منصب **Marcelo Rebelo de Sousa** کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کی۔ میٹنگ کے بعد ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں صدر مُرمو نے بھارت اور پرتگال کے مابین رشتوں کو تاریخی قرار دیا۔ جو اب جدید اور کثیر رُخی شراکت داری کے طور پر اُبھر رہے ہیں۔

وفد کی سطح کے مذاکرات کے بعد صدر جمہوریہ اور پرتگال کے صدر کے مشترکہ بیان میں دونوں ملک تجارت میں باہمی تعاون اور مضبوط اقتصادی تعلقات پر اتفاق کیا۔ بھارت اور پرتگال نے تجارت، قابل تجدید توانائی، گرین ہائڈروجن، **IT** اسٹارٹ اپ، تجدید کاری اور مہارت کی نقل و حرکت سے متعلق شعبوں میں شراکت داری کو مستحکم کرنے پر اتفاق کیا۔

دونوں ممالک نے سیاحت، ثقافت، تعلیم، دوا سازی اور دیگر شعبوں میں تعاون پر بھی اتفاق کیا۔ دونوں ممالک نے اقوام متحدہ میں ربط اور تعاون پر بھی اتفاق کیا۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ اُنہوں نے پرتگال کے اپنے ہم منصب کے ساتھ وسیع اور مثبت مذاکرات میں حصہ لیا جن میں باہمی تعلقات سے متعلق متعدد شعبے شامل ہیں۔

اس سے قبل دن میں صدر مرمو نے پرتگال کے قومی شاعر **Luis Vaz de Camoes** کے مقبرے پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔

دونوں ملکوں کے مابین سفارتی تعلقات قائم ہونے کے **50** سال مکمل ہونے کے موقع پر صدر مرمو اور صدر **Rebelo de Sousa** نے ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری کئے جانے کی ایک تقریب میں شرکت کی۔ یہ ٹکٹ بھارت اور پرتگال کے فن اور ثقافتی وراست کی عکاسی کرتا ہے۔

**9** اپریل سے **10** اپریل تک صدر مُرمو **slovakia** کے صدر **Peter Peelegriani** کی دعوت پر **Slovakia** کا دورہ کریں گی۔ اُن کا یہ دورہ گزشتہ **29** سال میں بھارت کے صدر کا **Slovakia** کا پہلا دورہ ہوگا۔

## PM MANN KI BAAT

وزیر اعظم نریندر مودی **27** اپریل کو آکاشوانی پر ''مَن کی بات'' پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا **121** واں نشریہ ہوگا۔ لوگ ٹول فری نمبر **1800 - 11 - 78 - 00** کے ذریعے پروگرام کیلئے اپنے خیالات اور تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ لوگ نریندر مودی ایپ یا **MyGov** اوپن فورم کے ذریعے آن لائن بھی اپنے رائے بھیج سکتے ہیں۔ آئندہ نشریے کیلئے اِس مہینے کی **25** تاریخ تک تجاویز قبول کی جائیں گی۔**x**

## WORLD HEALTH DAY - PM

آج ملک بھر میں صحت کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن اچھی صحت اور صحت کے اصول کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک صحت مند دنیا کی تشکیل کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں صحت اور خاندانی بہبود کی وزیر محترمہ انوپریا پٹیل نے صحت کے شعبے میں ملک کے لیے قابل ستائش حصولیابیوں کو اجاگر کیا ہے۔x

## PM - NAVKAR MAHAMANTRA

وزیر اعظم نریندر مودی بدھ کے روز **Navkar** مہامنتر دِوَس میں شرکت کریں گے۔ وہ نئ دلّی میں اس موقع پر ایک اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ **Navkar** مہامنتر دِوَس روحانی ہم آہنگی اور اخلاقی شعور کی ایک اہم تقریب ہے، جو **Navkar** مہامنتر کے اجتماعی منتروں کے جاپ کے ذریعے لوگوں کو متحد کرنے کی کوشش کرتی ہے اور جو جین عقیدے کا سب سے قابل احترام اور عالمی سطح پر شناخت شدہ منتر ہے۔

یہ منتر عدم تشدد، انکساری اور روحانی بلندی کے اصولوں پر مبنی ہے اور روشن خیال ہستیوں کی خوبیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہے۔ یہ دِوَس افراد کو خود کی پاکی ،تحمل اور اجتماعی فلاح پر غور کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ دنیا کے **108** سے زیادہ ممالک سے لوگ امن اور اتحاد کے لیے اس عالمی جاپ میں شامل ہوں گے۔**x**

## AMIT SHAH

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج کہا ہے کہ حکومت ملک کی سرحدوں کے تحفظ کیلئے ایک الیکٹرانک نگراں نظام تعینات کررہی ہے اور یہ ٹیکنالوجی جموں وکشمیر میں دہشت گردوں کی دراندازی پر قابو پانے میں سرحد پار زیرِ زمین سرنگوں کا پتہ لگانے اور انہیں ختم کرنے میں استعمال کی جائے گی۔ جناب شاہ مرکز کے زیرِ انتظام علاقے کے کٹھوعہ ضلع کے ہیرا نگر سیکٹر میں بین الاقوامی سرحد کے نزدیک سرحدی باہری چوکی 'Vinay' کا دورہ کرنے کے دوران **BSF** کے اہلکاروں سے خطاب کررہے تھے۔ جناب شاہ نے فورس کے تعاون کو سراہا اور چیلنج بھرے حالات میں خدمات انجام دینے کیلئے فوجیوں کی ستائش کی۔ **x**

## DEFENCE MINISTER - BEL

وزارتِ دفاع نے بنگلورو کے بھارت الیکٹرانکس لمیٹیڈ کے ساتھ دو ہزار 350 کروڑ روپے مالیت کا معاہدہ کیا ہے، جو الیکٹرانک وارفیئر سسٹمز اور Mi-17 V5 ہیلی کاپٹروں کیلئے ہوائی جہازوں میں تبدیلی کے کٹس کی فراہمی سے متعلق ہے۔ یہ معاہدہ آج نئی دلّی میں دفاع کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ کی موجودگی میں کیا گیا۔ یہ جدید ترین ای ڈبلیو Suit جنگی حالات میں ہیلی کاپٹروں کی آپریشنل بقاء کو نمایاں طور پر بہتر بنائے گا۔

وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ ذیلی کلپُرزوں اور Parts، ملک کے مختلف مینو فیکچررز سے حاصل کئے جائیں گے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ بیشتر ذیلی کلپُرزے گھریلو مینو فیکچررز سے حاصل ہوں۔ اس پروجیکٹ سے بھارتی الیکٹرانکس اور متعلقہ صنعتوں کی بھرپور شرکت کی حوصلہ افزائی ہوگی۔x

## EXCISE DUTY

حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر دو روپے فی لیٹر ایکسائز ڈیوٹی بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ حالانکہ تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے یہ بات واضح کی ہے کہ دونوں پیٹرولیم مصنوعات کی خردہ قیمتوں میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے، پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا کہ اضافی ایکسائز ڈیوٹی سے صارفین پر کسی طرح کے اثرات مرتب نہیں ہوں گے۔

وزارتِ خزانہ کے ذریعے جاری کردہ نوٹفکیشن کے مطابق، کل سے ایکسائز ڈیوٹی میں اضافے پر عمل ہوگا۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ LPG سلنڈر کی قیمتوں میں بھی 50 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔

جناب پوری نے کہا کہ اُجوولا یوجنا کے استفادہ کنندگان کیلئے اب LPG سلنڈر کی قیمت 550 روپے ہوگی، جبکہ دیگر کیلئے کل سے یہ 853 روپے ہوگی۔x

## GUJRAT AICC

کانگریس پارٹی کی اعلیٰ ترین فیصلہ ساز تنظیم ،سینٹرل ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ کل احمدآباد کے سردار ولبھ بھائی پٹیل نیشنل میموریل میں ہوگی۔ وہیں 9 اپریل کو سابرمتی ریور فرنٹ میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی، AICC کے اجلاس کا انعقاد ہوگا۔

آج احمدآباد میں اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انڈین نیشنل کانگریس کے ذرائع ابلاغ اور رابطہ عامہ کے محکمے کے چیئرمین پون کھیڑا نے کہا کہ آزادی کے بعد سے یہ کانگریس پارٹی کا گجرات میں دوسرا AICC کا اجلاس ہوگا، جو مہاتما گاندھی کے پارٹی کی صدارت سنبھالنے کے 100 سال مکمل ہونے اور سردار ولبھ بھائی پٹیل کے

150 ویں یوم پیدائش پر منعقد کیا جارہا ہے۔

اِس دوران 9 اپریل کو سابرمتی ریورفرنٹ پر منعقد ہونے والے AICC اجلاس میں ملک بھر سے تین ہزار سے زیادہ مندوبین کی شرکت کا امکان ہے جِن میں قومی صدر ملکا رجن کھڑگے، کانگریس پارلیمانی پارٹی کی چیئرپرسن سونیا گاندھی، لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی، گانگریس کی حکمرانی والی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ، ریاستی صدور، CWC اراکین اور خصوصی مدعوئین شامل ہیں۔

اس سے پہلے 8 اپریل کو CWC میٹنگ کا انعقاد ہوگا جس میں پارٹی کے سینئر رہنما مستقبل کے نقشہ راہ پر تبادلۂ خیال کریں گے۔X

## CHINTAN SHIVIR DEHRADUN

سماجی انصاف اور بااختیار بنانے کی وزارت کا دوروزہ چنتن شِور آج سے اتراکھنڈ کے دہرادون میں شروع ہو گیا۔ اس تقریب میں 15 ریاستیں نمائندگی کررہی ہیں، جو سماجی انصاف اور بااختیار بنانے سے متعلق مستقبل کی پالیسیوں کی بنیاد رکھیں گی۔ اس تقریب میں مرکزی وزیر ویریندر کمار، وزیرمملکت بی ایل ورما ، وزیرمملکت رام داس آٹھولے اور اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ شرکت کررہے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

### VC Sakshi Singh

مرکزی وزیر ویریندر سنگھ نے بنیادی سطح پر مرکزی پالیسیوں کے نفاذ میں ریاست کے رول کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اُنہوں نے کہا کہ اس طرح کی تقریب کا مقصدریاست اور مرکز کے درمیان تال میل کو نہ صرف پالیسی کے بہتر نفاذ کیلئے مستحکم بنانا ہے بلکہ منشیات جیسے بڑھتے خطرے سے مل جُل کر نمٹنا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ چنتن شِور میں ریاستوں کی بڑھتی شرکت ایک مثبت رُجحان ہے۔

دوسری جانب وزیرمملکت بی ایل ورما نے گزشتہ اقتصادی سال کے ختم ہونے کے فوری بعد اس طرح کے انعقاد کی اہمیت پر زور دیا۔

وہیں وزیرمملکت رام داس آٹھولے نے سب کا ساتھ، سب کا وِکاس کے وزیر اعظم نریندرمودی کے منتر کو دہرایا اور اِسے سماج کے محروم اور حاشیہ بردار طبقوں کیلئے انصاف فراہم کرنے کی سمت مشعل راہ قرار دیا۔

اترا کھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے قومی اہمیت کے حامل اس طرح کے انعقاد کو ریاست کیلئے فخریہ لمحہ قرار دیا۔

دہرادون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شبانہ رحمٰن۔

**CHHATTISGARH MAOIST**

چھتیس گڑھ کے دانتے واڑہ اور نارائن پورضلعوں میں آج کُل 31 ماؤ نوازوں نے خودسپردگی کی ہے۔ دانتے واڑہ ضلع میں آج 26 ماؤ نوازوں نے ہتھیار ڈالے۔ اِن میں سے تین ماؤنوازوں پر ساڑھے چار لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ ان ماؤ نوازوں نے پولیس کے سپرنٹنڈنٹ گورو رائے کے سامنے خودسپردگی کی۔

اِس دوران نارائن پور ضلعے میں پانچ خاتون ماؤ نوازوں نے خودسپردگی کی۔ اِن پر ایک - ایک لاکھ روپے کا انعام تھا۔ جن ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی ہے، انہیں ترغیبات کے طور پر 25-25 ہزار روپے کا چیک دیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ، اُنہیں نکسل بازآباد کاری پالیسی کے تحت دستیاب سبھی قسم کی سہولیات فراہم کی جائیں گے۔ x

**VIASHNAW WAVES**

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ملک میں بے حد مضبوط تخلیقی معیشت تشکیل پارہی ہے کیونکہ ڈیجیٹل انڈیا نے ملک کے ہر کونے میں ڈیجیٹل ٹکنالوجی کو پہنچایا ہے۔

آج نئی دلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ ممبئی میں ایک مئی سے چار مئی تک ورلڈ آڈیو ویژول انٹرٹیمنٹ سمٹ، Waves کا انعقاد کیا جائے گا۔

وزیر موصوف نے کہا کہ ڈیجیٹل انڈیا پروگرام کی بدولت چھوٹے سے چھوٹے گاؤں کے نوجوانوں کو بھی مواقع دستیاب ہو رہے ہیں۔ جناب ویشنو نے مزید کہا کہ اس سمٹ کے تحت دُنیا بھر کے سرمایہ کار، بھارت کی تخلیقی معیشت میں سرمایہ کاری کرنے کیلئے آرہے ہیں۔

**REV EVE GLOBAL MARKET**

ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے نافذ کی گئی محصولات سے متعلق حالیہ پالیسیوں اور چین کی طرف سے جوابی غیر متوقع زیادہ محصولات عائد کرنے کی وجہ سے عالمی منڈیوں میں زبردست گراوٹ دیکھنے میں آئی ہے۔

ہانگ کانگ اسٹاک ایکسچینج آج 13 اعشاریہ دو۔دو فیصد کی گراوٹ کے ساتھ بند ہوا جو 1997 میں آئے ایشیائی مالیاتی بحران کے بعد سے اب تک کی ایک دن میں آئی سب سے بڑی گراوٹ ہے۔ چین کی ٹیکنالوئی کی بڑی کمپنیاں Alibaba اور Tencent میں بھی بترتیب 18 فیصد اور 12 اعشاریہ پانچ فیصد کی گراوٹ درج کی گئی۔ بینکنگ کارپوریشن HSBC میں 14 اعشاریہ آٹھ فیصد، سامان کی ترسیل سے متعلق بڑی کمپنی Meituan میں 15 فیصد اور الیکٹرانکس کی کمپنی Xiaomi میں 20 اعشاریہ چھ فیصد کی گراوٹ درج کی گئی۔

جاپان کا اسٹاک اشاریے میں دو ہزار 600 پوائنٹس کی گراوٹ دیکھنے کو ملک جو اب تک کی تیسری سب سے

بڑی گراوٹ ہے۔

سنگاپور کے Straits Times اشاریے میں 7 اعشاریہ تین سات پوائنٹس کی گراوٹ آئی جبکہ تائیوان کا اسٹاک ایکسچینج 9 اعشاریہ آٹھ فیصد گر کر بند ہوا۔

پاکستان کی اسٹاک مارکٹ KSE-100 کے اشاریے میں چھ ہزار سے زائد کی گراوٹ درج کی گئی یہ پاکستان کے اسٹاک ایکسچینج کی تاریخ میں ایک دن میں آنے والی گراوٹوں میں سے ایک ہے۔

جرمنی کا Dax نو فیصد کی گراوٹ کے ساتھ کھلا، جبکہ لندن کے FTSE میں پانچ فیصد تک کی گراوٹ دیکھی گئی۔

امریکہ کے The Dow Jones میں چار اعشاریہ چار فیصد S&P 500 میں چار اعشاریہ سات فیصد جبکہ The Nasdaq میں پانچ فیصد کی گراوٹ درج کی گئی۔

آسٹریلیا کے S&P 200 اسٹاک ایکسچینج چار اعشاریہ دو فیصد کی گراوٹ کے ساتھ سات ہزار 343 اعشاریہ تین پوائنٹس پر بند ہوا۔ یہ مئی 2020 کے بعد سے اب تک کی سب سے بڑی گراوٹ ہے۔X

## JAISHANKAR US SECY

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جےؑ شنکر نے آج امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو رُبیو سے بات کی اور بھارت۔بحرالکاہل، بھارتی برصغیر، یورپ، مغربی ایشیا اور Caribbea پر اپنے نظریات کا تبادلہٗ کیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جےؑ شنکر نے بتایا کہ وہ دو طرفہ تجارتی سمجھوتے کو جلد سے جلد حتمی شکل دینے کی اہمیت پر راضی ہوگئے ہیں۔ X

## POSHAN PAKHWADA

خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزارت نے تغذیے کی کمی سے نمٹنے کے حکومت کے جاری عزم کے طور پر کل سے پوشن پکھواڑے کے ساتویں ایڈیشن کو منانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سال پوشن پکھواڑے میں چار بنیادی موضوعات پر زور دیا جائے گا۔ ان میں بچوں میں زندگی کے شروعاتی ایک ہزار دنوں پر توجہ مرکوز کیا جانا، پوشن ٹریکر کے استفادہ ماڈیول کو مقبول بنانا، تغذیے کی کمی کے بندوبست اور صحت مند طرز زندگی اپنانا ہے تاکہ بچوں میں موٹاپے کے مسئلے سے نمٹا جاسکے۔ پوشن ابھیان پہل، جس کا آغاز وزیر اعظم نریندر مودی نے کیا تھا ، پوشن ابھیان کے حصے کے طور پر تغذیے کی کمی پر قابو پانے کے اپنے مشن کو جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ حاملہ خواتین ، دودھ پلانے والی ماؤں ، نوجوان لڑکیوں اور چھ سال سے کم عمر کے بچوں میں تغذیے کی کمی کو بہتر بنایا جاسکے۔

خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزیر مملکت ساوِتری ٹھاکر کل ایک ویب کاسٹنگ کے ذریعے 18 شریک وزارتوں

کے افسران، **WCD** محکمے کے ریاستی افسران اور سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے آنگن واڑی کارکنوں سے خطاب کریں گی۔ **x**

## IPL CRICKET

آئی پی ایل ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ میں رائل چیلنجرس بنگلورو نے ممبئی انڈینس کے خلاف وانکھیڑے اسٹیڈیم میں **222** رن کا نشانہ رکھا ہے ہیں۔ رائل چیلنجرس بنگلورو نے مقررہ **20** اوورس میں **221** رَن بنائے۔

ممبئی انڈینس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔×

## TENNIS MONTE CARLO MASTERS

ٹینس میں بھارت کے یُکی بھامبری اور اُن کے آسٹریلیائی جوڑی دار **Alexei Popyrin**، فرانس میں جاری **Monte-Carlo Masters** کے مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں ہار گئے ہیں۔

آج دوپہر کھیلے گئے میچ میں اُنہیں جرمنی کے **Jan-Lennard Struff** اور آسٹریلیا کے **Alex de Minaur** کی جوڑی نے سات-پانچ، پانچ-سات اور پانچ-دس سے شکست دی۔

اِس سے پہلے بھارتی مایہ ناز کھلاڑی روہن بوپنّا اور امریکہ کے اُن کے جوڑی دار **Ben Shelton** مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔**X**

☆☆☆☆☆☆